بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

پریس ریلیز 36/19

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیرِ اہتمام منعقدہ امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2019ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 15-07-2019 کو ہو چکا ہے۔ ریگولر امیدواران کے مفاد کے پیشِ نظر ان کے رزلٹ کارڈز امسال بھی بذریعہ رجسٹرڈ پارسل ادارہ سربراہان کو ترسیل کیے جا رہے ہیں جو کہ امیدواران تک پہنچانا ادارہ سربراہان کی ذمہ داری ہوگی۔ متعلقہ ادارہ جات کو ان کے (User ID Password) پر بھی حسب سابق رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ تاہم پرائیوٹ اُمیدواران کے رزلٹ کارڈز ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے گھریلو پتہ بذریعہ رجسٹری ارسال کر دیئے گئے ہیں۔ ایسے امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا یا جن کے فیس کے بقایاجات واجب الادہ ہیں ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لئے گئے ہیں وہ اعتراضات دور کروا کر یا بقایاجات کی جلد از جلد ادائیگی کر کے اپنے رزلٹ کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

امتحان سیکنڈری سکول سپلیمنٹری 2019ء مورخہ 31-08-19 بروز ہفتہ سے شروع ہوگا۔ فیل شدہ اُمیدواران جو امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے داخہ فارم جمع کروا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com سے ڈاؤن لوڈ کر کے تمام کالم پُر کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی حبیب بنک کی مقرر کردہ برانچوں میں جمع کروانا ہوگی۔

1۔ سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	22-07-2019
2۔ ڈبل فیس کے ساتھ آخری تاریخ	31-07-2019
3۔ تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ	09-08-2019

درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

نوٹ: واضح رہے کہ حسبِ قواعد فیس اور داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی مقرر کردہ برانچوں میں جمع کروا کر بنک سے وصولی کی رسید حاصل کرنا لازم ہوگا۔ مذکورہ بالا شیڈول کے بعد وصول ہونے والے داخلہ فارم مسترد کر دیئے جائیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری اُمیدوار پر ہوگی۔

دستخط

پروفیسر ناصر محمود اعوان

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:

جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ

جناب مینجر، حبیب بینک لمیٹڈ، بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں

سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

داخلی تقسیم

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ: 15-07-19